مختار نامہ عام

بحق: ....

منکہ .... کا ہوں اندریں وقت بقائمی ہوش وحواس خمسہ خود اقرار کرتا اور تحریر کر دیتا ہوں کہ اراضی تعدادی .... **بروئے کاغذات مال مندرجہ کھیوٹ نمبر**.......... **کھتونی نمبر**.......... **خسرہ نمبر**.......... **من واقع رقبہ موضع اچھرہ لاہور** مملوکہ و مقبوضہ خود بروئے **بیعنامہ رجسٹری شدہ سب رجسٹرار صاحب لاہور دستاویز نمبر** .... **بہی نمبر 1 جلد نمبر** .... **مورخہ** .... **وبحوالہ انتقال نمبر**.................. بلاشرکت غیرے مبرا از بار و کفالت ہر قسم ہے من مقر بوجہ مصروفیات بذات خود اراضی مذکور کا انتظام وانصرام کرنے سے قاصر ہے لہٰذا من مقر اپنی جانب سے ....

....کو مختار عام مقرر کر کے اختیارات دیتا ہوں کہ وہ بحیثیت مختار عام من مقر کی جانب سے اراضی مذکور کا انتظام وانصرام کرے۔ اراضی مذکور سے جس طرح چاہے مستفید ہووے۔ جس طرح چاہے منتقل کرے۔ رہن، بیع، ہبہ، تبادلہ وغیرہ کرے۔ اقرار نامہ معاہدہ بیع کرے۔ زر بیعانہ وصول کرے۔ رسید دیوے۔ دستاویزات کی تحریر وتکمیل کرائے۔ روبرو سب رجسٹرار صاحب پیش ہو کر تصدیق کرائے۔ زر بدل وصول کرے۔ اراضی مذکور پر بغرض تعمیر عمارت نقشہ بنوائے، پاس کرائے، منظور کرائے، مطابق نقشہ یا مطابق ترمیم شدہ نقشہ عمارت اپنی زیرنگرانی خود یا کسی ٹھیکہ دار سے بنوائے کنکشن ہائے ہر قسم حاصل کرے تعمیر کردہ عمارت میں خود رہائش رکھے۔ خواہ کرایہ وغیرہ پر دے۔ زر کرایہ، زر سیکورٹی، زر ایڈوانس وصول کرے۔ کرایہ نامہ کی تحریر وتکمیل کروائے۔ کرایہ دار کو بے دخل کرے کرائے۔ مختار خاص مقرر کرے۔ قبضہ ونشاندہی کرائے۔ انتقال کرائے۔ (جاری ہے) نان جوڈیشنل اسٹامپ پیپر / سپیشل ایڈہیسو اسٹمپ خریدے۔ بوجہ عدم استعمال ان کا ریفنڈ حاصل کرے۔ چیک واؤچر وصول کرے۔ کیش کرائے۔ مختار خاص مقرر کرے۔ منسوخ کرے۔ تصحیح کرائے۔ محکمہ ہائے مال، واپڈا، واسا، سوئی گیس، ٹیلیفون، کارپوریشن، بینک، لینڈ کمشنر آفس و دیگر متعلقہ محکمہ جات میں اراضی مذکور کی بابت جملہ معاملات خط وکتابت وکاروائی ہر قسم زیر دستخط خود کرے۔ درخواست ہائے ہر قسم دیوے۔ بیان وبیان حلفی دیوے۔ اراضی مذکور کی بابت اگر کوئی قانونی کارروائی کرنا پڑے تو اس کی پیروی از عدالت ابتداء تا عدالت عظمیٰ اصالتاً یا بذریعہ ایڈوکیٹ کرے۔ داخل دفتر شدہ اسلحہ برآمد کرائے۔ یکطرفہ کارروائی منسوخ کرائے۔ نقول وسرٹیفکیٹس ہر قسم حاصل کرے۔ غرضیکہ اراضی مذکور کی بابت جو بھی کارروائی لین دین وغیرہ کرنا پڑے بحیثیت مختار عام زیر دستخط خود کرے غرضیکہ مختار عام موصوف کو اراضی مذکور کی بابت وہ تمام اختیارات حاصل ہوں گے جو من مقر کو بحیثیت مالک حاصل ہیں اور جو کارروائی مختار عام موصوف کرے گا اس کا جملہ ساختہ و پرداختہ مثل کردہ خود من مقر ہوگا اور من مقر اختیار دہندہ کو منظور وقبول ہوگا لہٰذا مختار نامہ عام تحریر کر دیا ہے کہ سند رہے **المرقوم مورخہ**..................

العبد

..................................**(مقر اختیار دہندہ)**

گواہ شد

گواہ شد

Scanned with CamScanner